**PRESS RELEASE**
For immediate release
April 7, 2025

**SECP Proposes Reforms to Expedite Issuance of Bonus and Right Shares**

**ISLAMABAD, April 7, 2025**: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued a consultation paper seeking public feedback on proposed amendments to the existing regulatory framework governing the issuance of bonus and right shares. These proposed reforms are aimed at significantly reducing the time taken between the announcement of such corporate actions and the actual crediting of bonus or right shares to shareholders' accounts.

The consultation paper outlines the current regulatory provisions related to the issuance process, presenting a comparative analysis of the existing and proposed timelines for each procedural step. It identifies specific requirements within the current framework that may be contributing to undue delays. According to the SECP's analysis, existing end-to-end process—from the board's announcement to the credit of shares—can extend up to approximately 181 days for right issues, 85 days for interim bonus shares, and 51 days for final bonus shares. However, these timelines can be reduced by over 50%.

The SECP has noted that the existing framework does not fully reflect the technological advancements and the increasing digitalization of Pakistan's capital markets. In certain instances, the absence of specified timelines under the current regime has resulted in inordinate delays, even after a bonus or right issue has been approved by the board. Consequently, shareholders may face considerable wait times in receiving their entitlements, despite companies acting in accordance with the prescribed regulations.

To address these concerns, the SECP proposes to revise the regulatory framework to streamline and expedite the issuance process by leveraging technology and enhancing operational efficiency.

The consultation paper is now available for public review on the SECP's official website at https://www.secp.gov.pk/document/consultation-paper-on-reduction-in-timelines-for-issuance-of-bonus-right-shares-by-listed-companies/?wpdmdl=56495&refresh=67f3a46e5eb861744020590

Stakeholders and interested parties are invited to submit their comments to the SECP via email at capitalissuefeedback@secp.gov.pk by April 17, 2025.

# ایس ای سی پی نے بونس اور رائٹ شیئرز کے اجرا کو تیز کرنے کے لیے اصلاحات تجویز کی ہیں۔

اسلام آباد، اپریل 7: ایس ای سی پی نے ایک مشاورتی پیپر جاری کیا ہے جس میں بونس اور رائٹ شیئرز کے اجراء کے لیے موجودہ ریگولیٹری فریم ورک میں مجوزہ ترامیم پر عوامی رائے طلب کی گئی ہے۔ ان مجوزہ اصلاحات کا مقصد اس طرح کے کارپوریٹ اقدامات کے اعلان اور حصص یافتگان کے کھاتوں میں بونس یا رائٹ شیئرز کی حقیقی کریڈٹنگ کے درمیان لگنے والے وقت کو نمایاں طور پر کم کرنا ہے۔

مشاورتی پیپر میں بونس اور رائٹ شیئرز کے اجرا سے متعلق موجودہ ضوابط کی وضاحت کی گئی ہے، اور ہر مرحلے کے موجودہ اور مجوزہ اوقاتِ کار کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ اس میں موجودہ فریم ورک میں ایسی مخصوص شرائط کی نشاندہی کی گئی ہے جو غیر ضروری تاخیر کا سبب بن رہی ہیں۔ ایس ای سی پی کے تجزیے کے مطابق، اس وقت بورڈ کے اعلان سے لے کر شیئرز کی کریڈٹ تک کا مکمل عمل تقریباً 181 دن تک بڑھ سکتا ہے برائے رائٹ شیئرز، 85 دن تک برائے عبوری بونس شیئرز، اور 51 دن تک برائے حتمی بونس شیئرز۔ تاہم، ان اوقاتِ کار کو 50 فیصد سے زائد کم کیا جا سکتا ہے۔

ایس ای سی پی نے نشاندہی کی ہے کہ موجودہ فریم ورک پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹس میں ہونے والی تکنیکی پیش رفت اور بڑھتی ہوئی ڈیجیٹلائزیشن کی مکمل عکاسی نہیں کرتا۔ بعض صورتوں میں، موجودہ نظام کے تحت مخصوص اوقاتِ کار کے تعین نہ ہونے کے باعث غیر معمولی تاخیر دیکھنے میں آئی ہے، یہاں تک کہ جب بونس یا رائٹ شیئرز کی منظوری بورڈ سے حاصل ہو چکی ہوتی ہے۔ اس کے نتیجے میں حصص یافتگان کو اپنے واجب الادا شیئرز حاصل کرنے کے لیے طویل انتظار کا سامنا کرنا پڑتا ہے، حالانکہ کمپنیاں مقررہ ضوابط کے مطابق کارروائی کر رہی ہوتی ہیں۔

ان خدشات کو دور کرنے کے لیے، ایس ای سی پی نے ریگولیٹری فریم ورک پر نظرِ ثانی کی تجویز پیش کی ہے تاکہ ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھا کر اور آپریشنل کارکردگی کو بڑھا کر اجراء کے عمل کو ہموار اور تیز کیا جا سکے۔

مشاورتی پیپر عوامی جائزے کے لیے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

https://www.secp.gov.pk/document/consultation-paper-on-reduction-in-timelines-for-issuance-of-bonus-right-shares-by-listed-companies/?wpdmdl=56495&refresh=67f3a46e5eb861744020590

اسٹیک ہولڈرز اور دلچسپی رکھنے والے افراد سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ 17 اپریل 2025 تک اپنی آراء ای میل کے ذریعے capitalissuefeedback@secp.gov.pk پر ایس ای سی پی کو بھیجیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005